Eric Adams
Mayor

David C. Banks
Chancellor

27 جون، 2023

عزیزی اہلِ خانہ:

نیو یارک شہر پبلک اسکولز کا ایک حصہ ہونے پر آپ کا شکریہ۔ میں امید کرتا ہوں کہ آپ نے ایک عمدہ تعلیمی سال گزارہ ہوگا۔

یہ ہفتہ آپکے نیویارک شہر اسکولوں کے بطور چانسلر ہونے کے میرے پہلے مکمل تعلیمی سال کے اختتام کی نشاندہی کرتا ہے۔ جب میں پچھلے سال پر نظر ڈالتا ہوں، میں ان تبصرات کے لیے شکرگزار ہوں جنکا آپ نے ہمارے اسکولوں کو جتنا ہوسکتا ہے بہترین بنانے میں مدد کرنے کے لیے میرے ساتھ اشتراک کیا ہے، اور ہم نے ملکر پچھلے ستمبر سے جو کچھ بھی حاصل کیا ہے میں اس سے پُرتوانا محسوس کرتا ہوں۔

ہم اسکول کے (تعلیمی) تجربے کی تشکیلِ نو کرنے اور ہمارے طلبا کو روشن آ آغاز اور تابناک مستقبل دینے کے لیے عہد بستہ ہیں۔

اسکا آغاز یہ یقینی بنانے سے ہوتا ہے کہ ہمارے طلبا کو وہ مضبوط بنیادیں میسر ہیں جو انہیں پھلنے پھولنے کے لیے درکار ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس سال ہم نے **این وائی سی ریڈز** کا آغاز کیا ہے۔ یہ اس طریقے کو تبدیل کرے گا جو ہم اپنے بچوں کو سیکھانے کے لیے اپنے اسکولوں میں استعمال کرتے ہیں، اور ہم نے اپنے ہزاروں اساتذہ کے لیے پہلے ہی پیشہ ورانہ تعلیم کے سیشنز کا آغاز کردیا ہے۔ بہت لمبے عرصے سے، جب خواندگی کی بات آتی ہے تو ہم غلط طریقوں سے کام لے رہے ہیں۔ یہ ہمارے طلبا یا معلمین کی غلطی نہیں تھی؛ یہ مناسب مستحکم رہنمائی اور معاونت فراہم نہ کرنے کا نتیجہ تھا۔ این وائی سی ریڈز "مطالع کی سائنس" کی بنیاد پر ہے اور ایک صوتیات پر مبنی نصاب ہے— بچوں کو پُراعتماد کُتب بین بنانا سیکھانے کے ثابت شدہ طریقے۔

ہمارے طلبا کو تابناک مستقبل سے مربوط کرنے کے لیے، ہم نے پاتھ ویز پروگرامز تشکیل دیے ہیں جیسے **FutureReadyNYC**۔ یہ پروگرامز ہمارے طلبا کے لیے امکانات کی ایک دنیا آشکارہ کرتے ہیں اور اسکول کو زیادہ بامقصد بناتے ہیں۔ تمام سال کے دوران، ہم بڑے مقامی آجروں کے ساتھ قوی تعلقات تعمیر کرتے رہے ہیں جیسے نارتھ ویل ہیلتھ اور جے پی مورگن چیز اور ہزاروں ہائی اسکول طلبا کو بامعاوضہ انٹرنشپس سے مربوط کیا ہے۔

ہمارے تمام اسکولوں میں، ہم تمام طلبا کے لیے استقبالیہ اور مشمولاتی ماحول تخلیق کرنے کے لیے انتہائی محنت سے کام کرتے رہے ہیں۔ ہم ان (طریقوں) پر تعمیر کررہے ہیں جو کام کرتے ہیں اور اختراعی، مقامی طریقِ کار کی جانب رجحان ہے جن پر خاندانوں کو بھروسا ہے **ان پروگراموں کو توسیع دے کر جو ڈسلیکسیا، جذباتی اور احساساتی ضروریات، اور آٹیزم کے حامل طلبا کو معاونت دیتے ہیں۔** معذوری کے حامل طلبا اور ان کے خاندانوں کے لیے: ہم آپکو دیکھتے ہیں، اور ہم اسکولوں کو ایسی جگہ بنانے کی جانب بڑھ رہے ہیں جہاں آپکو خدمات پیش کی جاسکتی ہیں۔ اس میں ہمارے **ابتدائی طفلی تعلیم پروگرامز** شامل ہیں۔ جب 3-K اور پری کنڈر گارٹن کا آغاز ہوا تھا، معذوری کے حامل طلبا کے لیے کافی نشستیں نہیں تھیں۔ ہم نے آخر کار اس غلطی کو درست کردیا ہے، ہمارے خاندانوں اور ہمارے نو عمر ترین متعلمین کی ضروریات ک تکمیل کرنے کے لیے 700 نشستوں کا اضافہ کر کے۔

جب ہم اپنے طلبا کی ضروریات کی تکمیل کرتے ہیں، اسکول ایسی جگہ بن جاتا ہے جہاں ہر روز جانے کے لیے وہ پُرجوش ہوتے ہیں۔ اس وجہ سے، ہم نے ہمارے اسکولوں میں 80 کیفیٹیریاز کو نئی، جدید جگھوں میں تبدیل کیا ہے جو انتخاب

کو اہمیت دیتی ہیں۔ **کیفیٹیریا کی یہ افزونی** طلبا کی اسکول کے کھانے میں حصہ لینے کو بڑھائیں گی اور صحت بخش کھانے کی حوصلہ افزائی کریں گی، تاکہ ہمارے طلبا کے پاس ایک ایسی جگہ ہو جہاں وہ نہ صرف اپنے ذہنوں، بلکہ اپنے جسموں کو بھی تقویت دیں گے۔

ہمارے طلبا کی صحت کے علاوہ، اس سال انکا تحفظ بھی میرے ذہن میں اول رہا ہے۔ **پروجیکٹ Pivot** نے 144 شراکت دار تنظیموں اور اسکولوں کو ہمارے خطرے سے دوچار طلبا کی مدد کے لیے اکٹھا کیا تھا، مجھے یہ بتاتے ہوئے خوشی ہورہی ہے کہ پچھلی خزاں میں اس پروگرام کے آغاز کے بعد سے، ہم نے اپنے اسکولوں سے مثبت تبصرات موصول کیے ہیں اور متعدد تحفظاتی اقدامات میں بہتریاں دیکھی ہیں۔

ہمارے شہر نے ایک راستے کی رہنمائی کی ہے جب ہمارے اسکولوں نے پچھلی جولائی سے 18,000 طلبا کے لیے عارضی رہائش گاہوں کے لیے اپنے دروازے کھولے ہیں۔ اس **پروجیکٹ اوپن آرمز (Project Open Arms)**، کے ذریعے، ہم نے اسکولوں کو 110 ملین ڈالرز فراہم کیے ہیں یہ یقینی بنانے کے لیے کہ انکے پاس ہمارے نواردین نیو یارک شہریوں کا استقبال کرنے کے لیے حسبِ ضرورت معاونت موجود ہے۔ جب بھی سخت مسابقتوں کا سامنا ہوا ہے، ہماری اسکول برادریاں آگے بڑھی ہیں اور تمام ملک میں دیگر اضلاع کے لیے مثال بنی ہیں کیونکہ انہوں نے ہمارے نئے طلبا کا خیرمقدم کرنے کے لیے فوری اہم مطابقت پذیریاں کی ہے۔ میں تمام عملے اور خاندانوں کا انتہائی شکرگزار ہوں جنہوں نے ان خاندانوں کے لیے اپنی بانہیں کھول کر ایسی متاثر کُن سخاوت کا مظاہرہ کیا ہے۔ آپ نے اسکا مظاہرہ کیا ہے جو نیو یارک شہر کو اتنی خاص جگہ بناتا ہے۔

جب ہم 2023-24 تعلیمی سال کی جانب دیکھتے ہیں، میں جانتا ہوں کہ بہترین (وقت) ابھی آنا باقی ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ آپ اور آپکے بچے ایک عمدہ موسم گرما گزاریں گے اور ان متعدد عمدہ چیزوں سے مستفید ہونگے جو ہمارا شہر پیش کرتا ہے۔ نیویارک شہر پبلک اسکولز کو منتخب کرنے پر ، اور اپنے بچے کی تعلیم میں ایک حقیقی شراکت دار ہونے پر آپکا شکریہ۔ میں ستمبر میں آپ سے ملاقات کرنے کا متمنی ہوں۔

مائل بہ پرواز،



David C. Banks
نیو یارک شہر اسکولز چانسلر

ہمیں آن لائن instagram.com/nycschools پر فالو کریں